**13/03/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے**

**کمیٹی**

**قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے بزنس ایڈوائزری کمیٹی تشکیل دی ہے ۔ اس ضمن میں جاری ایک نوٹفکیشن کے مطابق اسمبلی کے اسپیکر کمیٹی کے چیئرمین ہوں گے۔**

**نامزد ممبران میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈرسنیل شرما ، ارکان اسمبلی علی محمد ساگر،مبارک گل، محمد یوسف تاریگامی ،غلام احمد میر ، سجاد غنی لون میر محمد فیاض اور چودھری محمد اکرم شامل ہیں۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے گلمرگ میں کھیلو انڈیا سرمائی گیمز کے پانچویں ایڈیشن کی کامیاب تکمیل پر اطمینان ظاہر کیا ہے ۔ کل منعقدہ اختتامی تقریب پر انہوں نے گلمرگ کو ملک کے موسم سرما کے کھیلوں کی دارالحکومت بنائے جانے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ گلمرگ کو اسکینگ کا عالمی مرکز اور سرمائی کھیلوں کی من پسند جگہ بنانے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں گے ۔**

**وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سونہ مرگ بھی اب ایک اور شاندار سیاحت اور کھیلوں کی منزل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سونہ مرگ میں بھی اسکیئنگ کی سہولیات تیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔**

**منسکھ مانڈویہ**

**امور نوجوان اور کھیل کود کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے کہا ہے کہ**
**یواو**

ں کی طاقت ، جدت اور عزم ایک وِکست بھارت کی تعمیر کے لئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ وزیر ۃ
کل کشمیر یونیورسٹی میں وِکست بھارت - یووا کنیکٹ پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔

اس موقعہ پر انہوں نے یونیورسٹی کی باصلاحیت یووا شکتی کے ساتھ بات کرتے ہوئے نوجوانوں سے کہا کہ وہ کس طرح سماج میں فعال شرکت کے ذریعہ قوم کی تعمیر میں اپنا بہتر رول ادا کر سکتے ہیں۔

**تلاشی**

سیکورٹی فورسز نے بانڈی پورہ ضلع کے گنڈ بل حاجن روڑ سے ایک تلاشی کاروائی کے دوران دو مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے ۔ ان کے قبضے سے کچھ اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا ہے جس میں ایک پستول، 1 پستول میگزین ، دو ہتھ گولے اور کچھ دیگر قابل اعتراض چیزیں شامل ہیں ۔یہ کاروائی فوج ، پولیس اور CRPF کے مشترکہ دستوں نے انجام دی ۔

**ڈویژنل کمشنرکشمیر**

چھانہ پورہ اور ٹینگ پورہ پلوں کی مرمت اور تعمیر کی وجہ سے ٹریفک کی احسن نقل و حمل کو یقینی بنانے کے لئے ڈویژنل کمشنرکشمیر وجے کمار بدھوری نے متعلقہ افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

صوبائی کمشنر نے آر اینڈ بی اور ٹریفک کے محکموں کو ہدایت کی کہ وہ پلوں کی بروقت تکمیل کے لئے تال میل کے ساتھ کام کریں ۔ انہوں نے ہدایت دی کہ آنے والی شری امرناتھ جی یاترا کے آغاز سے پہلے اِن پلوں کو مکمل کیا جانا چاہئے۔

**اسسٹنٹ کمشنر فوڈ سیفٹی**

ملاوٹ سے پاک اور صاف و شفاف غذا حاصل کرنا ہر ایک صارف کا قانونی حق ہے ۔ وادی میں ملاوٹ سے پاک غذا فراہم کرنے کے لئے اسسٹنٹ کمشنر فوڈ سیفٹی کشمیر ہلال احمد میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلے میں ان کا محکمہ متحرک ہیں۔

-------

**ڈپٹی کمشنر سرینگر**

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے ضلع سطح کی آدھار مانیٹرنگ کمیٹی کی میٹنگ میں آدھار اندراج اور اس میں اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے متعلقہ افسروں کو اس ضمن میں تمام نامزد مراکز کو آپریشنل بنانے نیز تمام شہریوں کا اندراج یقینی بنانے کی ہدایت دی تاکہ وہ مختلف اسکیموں سے مستفید ہونے کے اہل ہو سکیں .

**ورکشاپ**

جموں کشمیر پولیس کرائم برانچ کے انسپکٹر جنرل ڈاکٹر سنیل گپتا نے جموں میں مالی تحقیقات کے بارے میں ایک ورکشاپ کا افتتاح کیا تاکہ منظم مالی جرائم سے نمٹنے کے لئے تفتیشی مہارت کو بڑھایا جاسکے۔ ورکشاپ میں کرائم برانچ اور دیگر ایجنسیوں کے افسران نے حصہ لیا .

**چنار کور**

فوج کی چنار کور نے ایک غیر سرکاری تنظیم Aseem فاونڈیشن پونے کے اشتراک سے شمالی کشمیر کی خواتین کرکٹ ٹیم کے لئے ایک کرکٹ ٹیور کا اہتمام کیا . اس ضمن میں چنار کور کے جی او سی نے ٹیم کو کل جھنڈی دکھا کر پونے کے لئے روانہ کیا .

**موسم**

وادی کے مختلف علاقوں میں بارشیں ہو رہی ہیں جبکہ کئی پہاڑی مقامات پر برفباری ہونے کی اطلاعات ہیں۔ مختلف اضلاع سے ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ کئی میدانی علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش ہو رہی ہیں .کپواڑہ سے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ فرقیاں گلی اور زیڈ گلی میں تقریباً ایک فٹ تازہ برف جمع ہوئی ہیں . اس دوران چوکیبل ٹنگڈار ، کیرن اور مڑھل سڑکیں گاڑیوں کی آمد رفت کے لئے بند کر دی گئی ہیں۔

اُدھر سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ مسافروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ دن کے دوران ہی شاہراہ پر سفر کریں . دوسری جانب سرینگر کرگل روڈ// بھدرواہ- چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن کشتواڑ روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ